'समानो मन्त्रः समितिः समानी'

UNIVERSITY OF NORTH BENGAL

B.A. Honours 4th Semester Examination, 2022

CC8-URDU

Time Allotted: 2 Hours | Full Marks: 60

The figures in the margin indicate full marks.

1. درج ذیل سوالوں میں کسی چار (۴) کے جواب دیجئے: 3×4 = 12

(الف) اردو زبان کے پہلے ناول نگار کون ہیں؟ انکی کسی ایک ناول کا نام بتایئے.

(ب) ناول'' گئودان'' کے خالق کون ہیں؟ اور انکا دوسرا ناول کونسا ہے؟

(ج) اردو کے چار نمائندہ ناول نگاروں کے نام بتایئے.

(د) پریم چند کی ولادت و وفات کب اور کہاں ہوئی؟

(ع) ترقی پسند تحریک کے روحِ رواں کون تھے؟ اس تحریک کے ابتدائی دور سے وابستہ کسی چار اشخاص کا نام بتایئے.

(ق) تقسیم ہند پر لکھی گئی کسی ایک ناول اور مصنف کا نام بتایئے.

2. درج ذیل سوالوں میں کسی چار (۴) کے جواب دیجئے: 6×4 = 24

(a) نذیر احمد کی ناول نگاری کے بنیادی مقاصد واضح کیجئے.

(b) '' ناولٹ'' کیا ہے؟ مدلل بحث کیجئے.

(c) قرۃالعین حیدر کو بحیثیت ناول نگار پیش کیجئے.

(d) درج ذیل اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے:

'' کون کہتا ہے کہ وہ زندگی کی جد وجہد میں ہارا ہے۔ یہ خوشی' یہ حوصلہ' کیا یہ غرور کی علامت ہے۔ ایسی ہی شکتوں میں اس کی فتح ہے۔ اس کے ٹوٹے ہوئے ہتھیار اس کی فتح کے جھنڈے ہیں۔ چہرے پر چمک آگئی ہے۔ ہیرا کی ممنونیت میں اس کی زندگی کی ساری کامیابی مجسم ہو گئی ہے۔''

(e) درج ذیل اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے:

" ابھی قصّہ شروع نہیں ہوا ہے' کہ مرزانے مشاعرے کی محفل جمائی ہے۔ہم امراؤں جان کے ہمسائے میں لے جائے گئے ہیں۔اتنے میں رسؔوا ہمیں پاس آنے کا اشارہ کرتے ہیں۔"

(f) درج ذیل اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے:

" یہ سن کروہ احمق عورت بولی" دیکھو خدا کی قسم! میں نے کہہ دیا کہ مجھ سے زبان سنبھال کر بولا کرو۔ نہیں تو پیٹ پیٹ کر اپنا خون کر ڈالوں گی۔"

3. مندرجہ ذیل سوالات میں کسی دو(۲) کے مفصل جواب رقم کیجئے: 12×2 = 24

(i) ناول کی تعریف اور اسکے فن سے اپنی مکمل واقفیت کا اظہار کیجئے.

(ii) " ترقی پسند تحریک اور اردو ناول" کا اجمالی جائزہ پیش کیجئے.

(iii) مرزا ہادی رسؔوا کو بحیثیت ناول نگار قلمبند کیجئے.

(iv) منشی پریم چند کی ناول نگاری کا ناقدانہ جائزہ تحریر کیجئے.

——×——